# شومبرگ گیلری آف آرٹس، سانتا مونیکا میں معروف آرٹسٹ نسرین ہارون کی پینٹنگز کی انتہائی کامیاب نمائش

## فطری مناظر کی ہنرمند نقاش نسرین ہارون کی پینٹنگز وائٹ ہاؤس سے لے کر اسلام آباد، ابوظہبی، سینیگال کے امریکن سفارت خانوں کی زینت بن گئیں



گذشتہ دنوں شومبرگ آرٹس گیلیری، سانتا مونیکا، کیلی فورنیا میں الحاج احمد ادایا مرحوم کی بیٹی محترمہ نسرین ہارون کی پینٹنگز کی دوسری نمائش ہوئی جس میں قونصل جنرل سید ابنِ عباس اور کونسل مین روزنبرگ کے علاوہ آرٹ اور فن کے پرستاروں اور نقادوں نے جوق در جوق شرکت کی۔ نسرین ہارون ان ہنرمند آرٹسٹوں میں سے ہیں جو سرف اپنی کمیونٹی میں ہی نہیں، بلکہ امریکہ، یورپ اور مڈل ایسٹ میں بھی یکساں مقبول ہیں۔ کچھ عرصہ پہلے امریکہ کے چار ہزار آرٹسٹوں میں سے تین سو نمائندہ آرٹسٹوں کو وائٹ ہاؤس میں صدر بش سے ملاقات اور اپنی تصاویر کی نمائش کے لیئے منتخب کیا گیا۔ نسرین ہارون ان میں سے ایک تھیں جو خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر سیلکٹ کی گیئیں۔ ایک پاکستانی امریکن آرٹسٹ کے لیئے یہ ایک قابلِ تحسین اعزاز ہے۔ نسرین بش کی تصاویر کو لارا بش نے خاص طور پر پسند کیا۔ چنانچہ اسلام آباد، ابوظہبی، شارجی، سینیگال اور کئی ممالک کے امریکن سفارت خانوں کے کانفرنس ہالز کو نسرین ہارون کی دلآویز تصاویر سے زینت بخشی گئی ہے۔ نسرین ہارون کئی امریکن اور یوروپین یونیورسٹیوں میں ماسٹرز آف آرٹس کی کلاسز میں خصوصی لیکچرز کے لیئے بھی بلائی جاتی ہیں۔ آرٹ کی معتبر و مستند نقاد دنیکا کاواٹ نے نسرین کے فن پر ایک تفصیل تبصرہ کرتے ہوئے انہیں ایک انتہائی ذہین اور باصلاحیت فنکارہ قرار دیا ہے۔ اس تجزیاتی مقالے کا کچھ حصہ قارئین کی نذر کیا جارہا ہے۔ خصوصی رپورٹ: سید ظفر عباس۔ اردو تائمز



# EXHIBITION OF NASREEN HAROON'S PAINTINGS AT SCHOMBURG GALLERY, SANTA MONICA



قونصل جنرل سید ابن عباس اور ان کی اہلیہ محترمہ صدف عباس تصاویر کی نمائش کے دوران





آرٹسٹ نسرین ہارون اپنے شوہر ہارون، اپنے بچوں اور کونسل مین روزن برگ کے ہمراہ



شومبرگ گیلیری میں نسرین ہارون کی تصاویر کی نمائش کے دوران کچھ پرستارانِ فن، نسرین کے ہمراہ



شومبرگ گیلیری میں نسرین ہارون کی بنائی ہوئی تصاویر کی چند جھلکیاں















